© rasailojaraid.com

# کتاب نما

۱ **تصوف کیا ہے**، ڈاکٹر تابش مہدی۔ ناشر: کتب خانہ نعیمیہ دیوبند-۲۴۷۵۵۴، یوپی۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ ۲ **کیسے کیسے لوگ تھے**، ڈاکٹر تابش مہدی۔ ناشر: الفاروق پبلی کیشنز، اے/۵-جی، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: درج نہیں۔ ۳ **طوبیٰ**، تابش مہدی۔ ناشر: ادبیات عالیہ اکادمی، اے/۵-جی، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵۔ صفحات: ۲۰۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ ۴ **تابش مہدی ایک سفر مسلسل**، ڈاکٹر شجاع الدین فاروقی۔ ناشر: مولانا مبین الدین فاروقی اکادمی، حمزہ کالونی، نیوسرسیّدنگر، علی گڑھ-۲۰۲۰۰۲۔ صفحات: ۳۲۸۔ قیمت: ۳۲۵ روپے۔

ڈاکٹر تابش مہدی (حال نائب مدیر زندگی نو، دہلی) بھارت کی اُردو دنیا میں ایک شاعر، نقاد اور محقق کی حیثیت سے معروف ہیں۔ علی گڑھ کے ڈاکٹر شجاع الدین فاروقی کے الفاظ میں: ''انھوں نے اپنی فہم وفراست، لیاقت وذہانت، دیانت وامانت، محنت اور لگن کی بدولت ادبی حلقوں میں اپنی نمایاں شناخت قائم کرلی ہے''۔ وہ متعدد ادبی اور دینی جرائد سے وابستہ رہے، کالم نگاری بھی کی۔ ادبی تحقیق وتنقید کے علاوہ دینی تحقیق پر بھی متعدد کتابیں تحریر کرچکے ہیں۔ انھوں نے چند مضامین مولانا مودودی اور جماعت اسلامی کے دفاع میں بھی لکھے ہیں۔ مختلف موضوعات پر ''انھوں نے کتابوں، کتابچوں، مضامین، مقالات اور مقدموں اور تبصروں کا [ایک] بڑا انبار لگا دیا ہے''۔ اس وقت ان کی تین کتابیں پیش نظر ہیں۔

- تصوف کیا ہے؟ میں تصوف کے معانی ومفہوم، اس کی اِصطلاحوں اور اس کی تاریخ پر اختصار اور جامعیت کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے اور نتیجہ یہ نکالا گیا ہے کہ 'تصوف بھی کتاب اللہ کی تفسیر اور حدیثِ رسولؐ کی شرح ہے۔ اس سے الگ یا اس کے بالمقابل کوئی چیز نہیں ہے۔ شریعت اور



© rasailojaraid.com